پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن ۲۱۔اے کشمیر بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

فون نمبر: 042-99260194 nsunvqf@gmail.com www.pbte.edu.pk

پی بی ٹی ای/این ایس یو/2022/ 146 SAY NO TO CORRUPTION مورخہ:۔ 24/03/2022

ڈیٹ شیٹ TEVTA شارٹ کورسز 3 ماہ دورانیہ (یکم جنوری تا 31 مارچ 2022ء) (Exam ID 4)

ٹریڈ/ کورسز	امتحان کے انعقاد کی تاریخ
۱۔اڈاورک ۲۔آٹوکیڈ (سول) ۳۔آٹوالیکٹریشن ۴۔بیوٹیشن ۵۔کمپیوٹر ایپلیکیشنز ۶۔کوکنگ اینڈ بیکنگ ۷۔ڈومیسٹک ٹیلرنگ ۸۔فرنٹ آفس ۹۔مشین ایمبرائیڈری ۱۰۔میسن ۱۱۔موبائل فون ریپیئرنگ ۱۲۔پینٹنگ (فارانٹیریئر ڈیکوریشن) ۱۳۔ پلمبر ۱۴۔سیفٹی انسپکٹر ۱۵۔سپوکن انگلش ۱۶۔ہینڈ ایمبرائیڈری ۱۷۔میٹریل ٹیکنیشن	امتحان مورخہ 12 اپریل 2022ء بروز منگل بوقت 09:00 AM منعقد ہوگا۔

نوٹ: Objective Type Paper صبح 09:00 بجے شروع اور 09:30 بجے ختم ہوگا۔اس کے فوراً بعد صبح 09:30 بجے پریکٹیکل کا امتحان شروع ہوگا۔جس کا پرچہ خود متعلقہ پرنسپل Arrange کریں گے۔تھیوری اور پریکٹیکل امتحان ایک ہی دن ختم ہوں گے۔

پرنسپل ادارہ جات خصوصاً نوٹ کریں کہ

2. دفتر بورڈ کی طرف سے ارسال کردہ Printed Result Evaluation Sheet جس پر طالبعلم کے کوائف درج ہیں صرف اسی پر رزلٹ تیار کیا جائے۔اس کی اصل کاپی/حاضری شیٹ اور حل شدہ پرچہ جات فوراً بذریعہ ڈاک/دستی دفتر ہذا میں اسسٹنٹ کنٹرولر شعبہ NSU کمرہ نمبر 38 پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن ۲۱/اے کشمیر بلاک علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے نام ارسال/جمع کروائیں۔
3. تیار کردہ Result Evaluation Sheet پر تیار کنندہ کا نام بمعہ دستخط اور پرنسپل ادارہ کی مہر اور دستخط ثبت ہونا لازمی ہے۔
4. بورڈ کی طرف سے بھیجی گئی رزلٹ شیٹ پر اُوررائیٹنگ اور فلیوڈ قابل قبول نہ ہوگا۔
5. بورڈ رول نمبر کے مطابق حاضری شیٹ پر درست طور پر حاضر طلباء کی حاضری اور غیر حاضر طلباء کے رولنمبر کے آگے واضح طور پر Absent تحریر کریں اور اسی کے مطابق Result Evaluation Sheet پر بھی Absent تحریر کریں۔
6. ممتحن حضرات رزلٹ تیار کرتے ہوئے نمبروں کو اشاریہ میں اندر درج نہ کریں اشاریہ کے اندر بنایا گیا رزلٹ قابل قبول نہ ہوگا۔
7. COVID-19 کے پیش نظر پرنسپل ادارہ بورڈ کی طرف سے امتحان کے سلسلہ میں جاری کردہ درج ذیل SOPs کے مطابق امتحان لیں گے اور متعلقہ سامان پرنسپل ادارہ مہیا کریں گے۔

i) ہال اور فرنیچر کی صفائی ستھرائی کو یقینی بنایا جائے گا۔
ii) ایک طالب علم کا دوسرے طالبعلم کے درمیان 6 فٹ کا فاصلہ ہوگا۔
iii) امتحانی ہال میں داخل ہوتے وقت ممتحن اور طلباء کا بخار چیک کیا جائے گا۔
iv) ہر طالبعلم فیس ماسک اور دستانے پہنے گا۔
v) ہر ایک کسی لاپروائی کے بغیر اپنے ہاتھوں کو صاف ستھرا رکھے گا۔
vi) ہر طالبعلم منظور شدہ سٹنگ پلان کے مطابق بیٹھے گا۔
vii) ممتحن امتحانی جوابی کاپی اور سوالیہ پرچہ جات کی ترسیل سے پہلے اپنے ہاتھوں کو صاف ستھرا رکھے۔
viii) ممتحن امتحانی جوابی کاپی اور سوالیہ پرچہ جات طلباء کے سامنے رکھی گئی ٹیبل پر رکھے گا۔
ix) ہر تیس منٹ کے بعد ممتحن اور طلباء اپنے ہاتھوں کو صاف ستھرا کریں گے۔
x) امتحان کے اختتام پر طالبعلم اپنی جوابی کاپی اور سوالیہ پرچہ اپنے سامنے ٹیبل پر رکھ دیں گے۔
xi) ممتحن ہاتھوں پر دستانے پہن کر جوابی کاپی اور سوالیہ پرچہ جات کو میزوں سے اٹھانے کے بعد دستانوں کو بڑی احتیاط سے ضائع کریں۔
xii) امتحانی جوابی کاپیاں اور سوالیہ پرچہ جات پہلے سے صاف ستھرے لفافے میں ڈال کر ڈسپیچ کر دی جائیں۔

خصوصی توجہ: امیدوار کا حاضری، تھیوری، پریکٹیکل میں علیحدہ علیحدہ پاس ہونا لازمی ہے بصورت دیگر اگر امیدوار کسی ایک component میں بھی فیل ہوگا تو تمام امتحان میں فیل تصور ہوگا۔

ضروری انتباہ: رزلٹ کی اشاعت کے 25 دن کے اندر طلباء کے رزلٹ میں کسی بھی غلطی کی صورت میں بورڈ سے رابطہ کیا جا سکتا ہے مقررہ مدت کے بعد کوئی درخواست قابل قبول نہ ہوگی۔

محمد منور حسین
کنٹرولر امتحانات
۱۲/۳

کاپی برائے اطلاع وضروری کاروائی:

1. پی ایس ٹو چیئرمین، پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، لاہور۔
2. پی اے ٹو سیکرٹری، پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، لاہور۔
3. پی اے ٹو کنٹرولر امتحانات، پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، لاہور۔
4. ڈائریکٹر جنرل (اکیڈ) ٹیوٹا، لاہور۔
5. ریجنل ڈائریکٹرز/ڈسٹرکٹ ڈائریکٹرز ٹیوٹا پنجاب۔
6. ڈپٹی کنٹرولر کنڈکٹ اسکریسی، پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، لاہور۔
7. تمام متعلقہ شعبہ جات، پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، لاہور۔
8. تمام پرنسپل متعلقہ ادارہ جات۔
9. ویب ایڈمنسٹریٹر برائے اپلوڈنگ
10. پی آر او برائے اشاعت خبر

محمد منور حسین
کنٹرولر امتحانات
۱۲/۳